دکان میں کپڑوں والی ڈمی رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1858

تاریخ اجراء: 14 محرم الحرام 1445ھ/02 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کپڑے کی دکان والے اپنی دکانوں میں پتلے رکھتے ہیں اور اس پر کپڑے پہنائے ہوتے ہیں کیا اس طرح پتلے رکھنے سے دکان میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اولاتو یہ مسئلہ یاد رکھیں کہ جاندار کا پتلا بنانا جس میں چہرہ کے اعضاواضح ہوں سخت ناجائز و حرام ہے کہ اسلام میں بلا عذرِ شرعی تصویر بنانا، بنوانا شرعاً ناجائز و حرام ہے۔اسی طرح اس کو دکان وغیرہ کسی جگہ بطور تعظیم رکھنا بھی ناجائز و حرام ہے کہ احادیثِ مبارکہ میں اس کی بہت سخت وعیدیں بیان ہوئی ہیں بلکہ جاندار کی تصویر کے مقابلے میں ان کے مجسموں کی حرمت تو اور بھی زیادہ ہے۔البتہ اگر چہرہ نہ ہو تو تصویر کے حکم میں نہیں۔

اب سوال کا جواب یہ ہے کہ اگر وہ ڈمی ایسی ہو جس میں چہرے کے اعضاء واضح ہوں تو ایسی ڈمی جس دوکان وغیرہ پر ہو، وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے اور اگر چہرہ نہ ہو تو وہ تصویر کے حکم میں نہیں لہذا ایسی ڈمی رحمت کے فرشتے آنے سے مانع نہیں۔ صحیح بخاری شریف میں حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: "ان الملائکۃ لا تدخل بیتا فیہ صورۃ"۔یعنی: فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر ہو۔(صحیح البخاری، حدیث 3224، صفحہ 568، مطبوعہ بیروت)

اسی میں حضرت سیدنا ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: "لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ کلب ولا صورۃ تماثیل"۔یعنی: جس گھر میں کتا یا مجسموں کی تصاویر ہوں اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔(صحیح البخاری، حدیث 3225، صفحہ 568، مطبوعہ بیروت)

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ "مرآۃ المناجیح" میں فرماتے ہیں: ''تصاویر سے مراد **جاندار کی تصویریں** ہیں جو شوقیہ بلاضرورت ہوں اور **احترام سے رکھی جائیں** یہ قیدیں ضرور یاد رہیں لہذا نوٹ روپیہ پیسہ کی تصاویر جو ضروری ہیں اور فرش و بستر پر تصاویر جو پاؤں سے روندی جائیں جائز ہیں ان کی وجہ سے فرشتے آنے سے نہیں رکتے''

۔(مرآۃ المناجیح، جلد06، صفحہ157، مطبوعہ قادری پبلشرز)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net